# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

سرکلر نمبر 107

19 مارچ 2022

**10 ویں اجلاس عام منعقدہ 20 مارچ کی کاروائی بابت تعمیر ہسپتال و میٹرنٹی ہوم بمقام اورسیز پلاٹ نمبر Z-13/1 منجانب المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ۔**

اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کا شرف مرزا محمد عمیر بیگ کو حاصل ہوا۔ بعد ازاں نظامت کے فرائض بھی عمیر بیگ نے انجام دیے۔

جنرل سیکریٹری جناب یونس محی الدین نے مختصر خطاب میں المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کی جانب سے Z-13/1 پلاٹ پر تعمیر ہسپتال و میٹرنٹی ہوم کے لیے NOC کے حصول کی درخواست کے بارے میں بتایا۔ ساتھ ہی سابق جنرل سیکریٹری جناب حبیب الرحمٰن خان نے سارے معاملے کو سابقہ حوالوں کے ساتھ تفصیلات بیان کیں اور اس پر موجود مکینوں سے کمنٹس مانگے گئے۔

مکینوں کی قابل لحاظ تعداد جن میں ابو کامل اعظمی، سید سلیم الدین، شیخ عبدالقدوس، الیاس بخاری، بابر خان قایم خانی، اقرار بیگ، اختر علی خان اور سمیع شیروانی شامل تھے۔ سب نے اپنے اپنے خیالات اور رائے کا اظہار کیا۔ چند خواتین جن میں مسز کرن جمال ثمینہ و دیگر نے بھی اپنی رائے سے نوازا۔ اس کے علاوہ ڈاکٹر سمیر، ڈاکٹر کامران، ڈاکٹر شفیق اور ڈاکٹر سلمان نے بھی اپنے قیمتی مشوروں سے نوازا۔ ان سب کا بہت شکریہ۔ ان مشوروں کا لب لباب یہ ہے کہ 10 پوائنٹس کے علاوہ جو وہ پہلے ہی مان چکے ہیں کے علاوہ درج ذیل امور پر بھی ان سے بات کی جائے۔

ا۔ ہسپتال و مریضوں وغیرہ کی کار پارکنگ کا مناسب بندوبست ہونا چاہیے تاکہ سڑک پر جاری ٹریفک نہ متاثر ہو۔ اس سلسلے میں یا تو بیسمنٹ یا گراؤنڈ فلور مختص کیا جائے اور اسی طرح جنریٹر و چلنگ پلانٹ اور کیفے ٹیریا وغیرہ کا بیسمنٹ یا چھت پر بندوبست کیا جائے۔

جاری ہے............

**K.D.A** — Overseas Pakistanis Bungalows Welfare Association

# Overseas Pakistanis' Bungalows Residents' Welfare Association

۲۔ کیونکہ یہ پلاٹ میٹرنٹی ہوم اور ڈسپینسری کے لیے وقف ہے لہذا میٹرنٹی ہوم اور OPD بمع ڈے کیئر تک اسکو محدود رکھا جائے۔

۳۔ اس بلڈنگ کی حد گراؤنڈ پلس ٹو سے زیادہ نہیں ہونی چاہیئے یا پھر جو رفاہی پلاٹ کے قوانین اجازت دیتے ہیں

۴۔ ہسپتال میں مختلف کنسلٹنٹ کلینکس کی موجودگی کو یقینی بنایا جائے تا کہ قرب وجوار کے لوگ مستفید ہو سکیں۔

اجلاس میں حاضر مکینوں سے المصطفی ویلفیئر ٹرسٹ کو اجازت نامہ جاری کیے جانے یا نہ کیے جانے کے معاملے پر ہاتھ اٹھا کر رائے طلب کی گئی جس کا نتیجہ مثبت رہا۔ مکینوں کی اکثریت نے NOC جاری کیے جانے کی حمایت کی اور 85% حاضر ممبران نے حق میں ووٹ دیا۔

آخر میں اجلاس کو سمیٹتے ہوئے صدر جناب فرحت علی خان صاحب نے تمام حاضرین کا شکریہ ادا کیا اور یقین دہانی کرائی کہ تمام معاملات شفاف طریقے سے انجام پائیں گے اور مکینوں کو مکمل طور پر آگاہ رکھا جائے گا ایسوسی ایشن حتمی اگریمنٹ سے پہلے فائنل ڈرافٹ ممبران کے ساتھ شیئر کرے گی۔

اس کے ساتھ ہی اجلاس اختتام پزیر ہوگیا۔ تمام حاضرین کی تواضع گرم گرم حلیم سے کی گئی۔

شکریہ

یونس محی الدین

جنرل سیکریٹری